PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/FAS/CIR/03-2026/1109 تاریخ: 26 مارچ 2026

محترم پیف اسکول مالکان اور لائسینسیز (FAS,EVS,NSP,PSRP)

عنوان: تعلیمی سال 2026-27 کے داخلوں کی آخری تاریخ میں توسیع

السلام علیکم!

بحوالہ داخلہ پالیسی برائے تعلیمی سال 2026-27 تمام پیف اسکول مالکان اور لائسینسیز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ موجودہ ملکی حالات اور اسکولوں میں تعطیلات کے باعث تعلیمی سال 2026-27 کے داخلوں کی تاریخ میں 15 اپریل 2026 اور Final Submission کی تاریخ میں 22 اپریل 2026 تک توسیع کر دی گئی ہے۔ لہذا تمام اسکول مالکان اور لائسینسیز SIS میں نئے داخلے 15 اپریل 2026 تک اور Final Submit 22 اپریل 2026 تک کر سکتے ہیں۔

بحوالہ داخلہ پالیسی شق نمبر 6 ایسے اسکولز جن میں منظور شدہ لیول کے مطابق گزشتہ تعلیمی سال 2025-26 میں جماعت نرسری، پریپ، اول، دوئم یا سوئم میں کوئی بچہ داخل نہیں تھا ان اسکولز کو نرسری تا سوئم ہر جماعت میں 35 بچے داخل کرنے کی اجازت دی جا رہی ہے۔ لہذا ایسے تمام اسکولز کے لیے نرسری تا سوئم جماعت میں داخلہ کرنا لازم ہے۔

مزید برآں Double Promotion, Detain, Picture uploading اور بچوں کے ریکارڈ کی درستگی کی تاریخ میں بھی 22 اپریل 2026 تک توسیع کر دی گئی ہے۔ یاد رہے تمام ادائیگیاں برائے مالی سال 2026-27، حکومتی منظوری اور محکمانہ قواعد و ضوابط کے تحت بجٹ کی فراہمی سے مشروط ہیں۔

خیر اندیش

ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر (آپریشنز)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-5955860

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399

CamScanner